ماحولیاتی آلودگی اُردو مضمون

ماحولیاتی آلودگی سے مراد ماحول میں ایسے عناصر کا موجود ہونا ہے جو فضا کو خراب کرتے ہیں۔جوں جوں سائنس ترقی کرتی جا رہی ہے ماحول کی آلودگی میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔

Website: https://urduessaypoint.blogspot.com/

اس بڑھتی ہوئی آلودگی نے آج کے انسان کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ہمارے ہاں کارخانے اور فیکٹریاں لگاتے وقت اس بات کا خیال نہیں رکھا جاتا کہ انہیں انسانی آبادی سے دور لگایا جائے۔

This PDF is generated automatically by Vizle.

Slides created *only for a few minutes* of your Video.

For the full PDF, please **Login to Vizle**.

https://vizle.offnote.co (Login via Google, top-right)

Stay connected with us:

Join us on **Facebook**, **Discord**, **Quora**, **Telegram**.

ان فیکٹریوں سے نکلنے والا دھواں انسانی صحت پر مضر اثرات مرتب کر رہا ہے۔ انسانوں کے علاوہ نباتات اور عمارات بھی دھوئیں اور گردوغبار سے پیدا ہونے والی آلودگی سے محفوظ نہیں۔

Website: https://urduessaypoint.blogspot.com/

مینار پاکستان، قائداعظم کا مقبرہ اور دیگر تاریخی مقامات کا حُسن اس آلودگی کی وجہ سے ماند پڑ گیا ہے۔ صنعتی فیکٹریوں کے قریب رہنے والے لوگ ناک، گلے اور پھیپھڑوں کے امراض کا باآسانی شکار ہو جاتے ہیں۔

بڑے شہروں میں بے ہنگم ٹریفک کے شور اور ہارن کے بے جا استعمال کے باعث کان پڑی آواز سنائی نہیں دیتی۔ ایسے ماحول میں رہنے والوں کے مزاج میں چڑچڑاپن پیدا ہو جاتا ہے اور سماعت بھی متاثر ہوتی ہے۔

فیکٹریوں اور کارخانوں سے خارج ہونے والا زہریلا پانی جب نالوں اور دریاؤں میں گرتا ہے تو اس سے آبی جانوروں کی زندگی کو شدید خطرات لاحق ہو جاتے ہیں۔

جب یہ پانی نہروں کے ذریعے سے فصلوں کو سیراب کرتا ہے تو نقصان دہ کیمیائی مرکبات اور نمکیات پودوں کی جڑوں کے راستے پودوں میں داخل ہو جاتے ہیں۔

ہمیں معلوم ہے کہ ہمارے ملک کی ایک کثیر آبادی کو پینے کا صاف پانی میسر نہیں ہے۔ آلودہ پانی پینے سے کئی بیماریاں جنم لیتی ہیں۔ ہیپاٹائٹس کی بڑی وجہ گندے پانی کا استعمال ہے۔

اس کے علاوہ ہیضہ، اسہال اور ٹائیفائیڈ جیسے امراض بھی آلودہ پانی پینے کے باعث پیدا ہوتے ہیں۔ ان بیماریوں کی روک تھام کے لیے حکومت اور عوام دونوں پر یہ ذمے داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ماحول کی آلودگی کو کم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ اگر ہر شخص ایک سال میں ایک پودا لگائے اور اسے پروان چڑھائے تو ہمارے ملک میں ہر سال بائیس کروڑ کے لگ بھگ درختوں کا اضافہ ہوگا۔ ان درختوں سے ماحول کو صاف رکھنے میں بہت مدد ملے گی۔

Vizle

صاف ہوا سے لوگوں کی صحت پر خوشگوار اثر پڑے گا۔ حکومت کو چاہیے انسانی آبادی کے قریب صنعتیں قائم نہ ہونے دے۔ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے مالکوں کو بھاری جرمانے عائد کیے جائیں اور ایسی گاڑیوں کو بند کر دیا جائے۔

بے جا ہارن بجانے پر بھی سزا دی جائے۔ لوگوں میں یہ شعور بیدار کیا جائے کہ وہ اپنے ماحول کو صاف رکھنے میں زیادہ سے زیادہ مدد کریں۔ پانی کو ابال کر پیئیں اور سبزیوں اور پھلوں کو اچھی طرح دھو کر استعمال کریں۔

This PDF is generated automatically by Vizle.

Slides created *only for a few minutes* of your Video.

For the full PDF, please **Login to Vizle**.

https://vizle.offnote.co (Login via Google, top-right)

Stay connected with us:

Join us on Facebook, Discord, Quora, Telegram.